نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سرآغاخان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, Fax No.042/99202911 E.mail:ziratnama@hotmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایات کے مطابق کاشتکاروں کو معیاری زرعی ادویات اور کھادوں کی فراہمی کے لئے زرعی ٹاسک فورس سرگرم عمل ہے: رانا علی ارشد ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (ٹاسک فورس) پنجاب

لاہور:04اکتوبر 2021(   ) وزیراعلیٰ پنجاب سردار عثمان احمد بزدار کی ہدایات کے مطابق کاشتکاروں کو معیاری زرعی ادویات اور کھادوں کی فراہمی کے لئے زرعی ٹاسک فورس سرگرم عمل ہے یہ بات ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (ٹاسک فورس) پنجاب رانا علی ارشد نے سرگودھا سٹرس ریسرچ انسٹیٹوٹ میں زرعی ٹاسک فورس کمیٹی کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔ان کا کہنا تھا کہ زرعی ٹاسک فورس نے قریباً اڑھائی سال پہلے جعلی زرعی ادویات و کھادیں بنانے اور کاروبار کرنے والے افراد کا قلع قمع کرنے کے لئے مربوط مہم کا آغاز کیا اور اس مختصر عرصہ میں پنجاب بھر میں کروڑں روپے مالیت کی جعلی زرعی ادویات قبضہ میں لی۔جعلی زرعی ادویات اور کھادیں تیار کرنے والی فیکٹریوں کو سیل کر کے ان کے خلاف مقدمات چلائے گئے۔اس کے علاوہ 2 ہزار سے زائد جعلی مداخل کا کاروبار کرنے والے ڈیلروں کو گرفتار کیا گیا۔جعلی کھادوں اور زرعی ادویات کا کاروبار کرنے والوں کے خلاف قانونی کاروائی عمل میں لائی گئی ہے جو کہ ایک تاریخی کامیابی ہے۔ان اقدامات سے کاشتکاروں کو معیاری زرعی ادویات اور کھادوں کی فراہمی ہو سکے گی۔ایڈیشنل سیکرٹری (ٹاسک فورس) پنجاب کا مزید کہنا تھا کہ پنجاب زرعی ٹاسک فورس نے شکایات درج کرانے کا نیا سسٹم متعارف کرایا ہے جو کہ زیرو کاسٹ کمپلینٹ سسٹم ہے۔جس کے ذریعے کاشتکار کسی بھی وقت وٹس ایپ نمبر 2955539-0300 پر شکایات بذریعہ پیغام یا ویڈیو بھیج سکتے ہیں اور اس پر کاروائی چوبیس گھنٹے کے اندر عمل میں لائی جاتی ہے۔ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (ٹاسک فورس) کا کہنا تھا کہ معیاری زرعی ادویات کی دستیابی اور دیگر حکومتی اقدامات کی بدولت اس سال مختلف فصلوں کی بمپر پیداوار حاصل ہوئی ہے جس میں گندم 2 کروڑ 9 لاکھ ٹن ہوئی اور اس میں 13.7 فیصد ریکارڈ اضافہ ہوا، گنا 5 کروڑ 70 لاکھ ٹن ہوئی اور اس میں 26.9 فیصد ریکارڈ اضافہ ہوا، مکئی 78 لاکھ 52 ہزار ٹن ہوئی اور اس میں 30 فیصد اضافہ ہوا، دھان 53 لاکھ ٹن ہوئی اور اس میں 33.2 فیصد اضافہ ہوا۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت پنجاب بھر میں زرعی مداخل (زرعی ادویات اور کھادوں) کا کوئی بحران نہیں ہے اور کاشتکاروں کو ان زرعی مداخل کی فراہمی کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔اس موقع پر فیض محمد کندی ڈائریکٹر زراعت (توسیع) سرگودھا ڈویژن نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ سال 2021 میں سرگودھا ڈویژن میں مقررہ قیمت سے زائد کھادوں کی فروخت پر 16 لاکھ 31 ہزار 8 سو روپے کے جرمانے کیے گئے ہیں۔سلیم حسین گل ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت پیسٹ وارننگ اینڈ کوالٹی کنٹرول نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ امسال سرگودھا ڈویژن میں 73 لاکھ 82 ہزار روپے کی جعلی زرعی ادویات قبضے میں لی گئی ہیں اور جعلی زرعی ادویات کا کاروبار کرنے والے 42 دوکانداروں کو گرفتار کیا گیا۔ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (ٹاسک فورس) پنجاب رانا علی ارشد نے دورہ کے دوران لیبارٹری برائے تجزیہ مٹی و پانی سرگودھا کا معائنہ کیا۔معائنہ کے دوران ان کو لیبارٹری میں ہونے والے کام کے بارے میں بریفنگ دی گئی

☆☆☆☆